
Institut National
du Cancer

# ہدایات

اگر آپ کے پاس ۲ لیبلوں والا خط ہے، جسمیں
آپ کو ٹیسٹ کرانے کیلئے مدعو کیا گیا ہے،
تو آپ مرحلہ ۱ اور مرحلہ ۲ پر عمل کریں اور
پھر سیدھے مرحلہ ۳ پر جائیں
اگر آپ کے پاس ایسا خط نہیں ہے، تو پھر
سیدھے ذیل کے مرحلہ 1bis پر جائیں

**1** **بڑے لیبل کو اُس شناختی فارم پر چسپاں کریں** (جو کِٹ کے درمیانی سیکشن میں ہے) **اور پھر فارم کو بھر لیں۔**




**2** **چھوٹے لیبل پر ٹیسٹ کی تاریخ لکھ لیں اور پھر اُس** کو ٹیوب کے اُس ہموار سائیڈ پر چسپاں کریں جہاں پر "نام"، "تاریخ" کے الفاظ پہلے سے لکھے گئے ہیں۔



**1 bis** **شناختی فارم کو بھریں** (جو کِٹ کے مرکزی حصے میں ہے) بشمول فارم کے مرکزی حصے میں موجود لیبل کے۔



**2 bis** **لیبل کو ٹیوب کے اُس ہموار سائیڈ پر چسپاں کریں جہاں پر "نام"،** "تاریخ" کے الفاظ پہلے سے لکھے گئے ہیں۔ پھر مرحلہ ۳ پر جائیں۔




**3** **ٹوائلٹ سیٹ پر فضلہ جمع کرنے والاگوند والا کاغذ چسپاں کریں۔**



کاغذ کو آہستہ سے دبائیں تاکہ اس میں ایک کھوہ بن جائے۔

**اہم بات: ٹیسٹ کامیاب ہونے کے لئے ضروری ہے کہ، فضلہ کسی بھی مائع چیز (پیشاب، بلیچ وغیرہ) کے ساتھ نہیں لگ جانا چاہیے۔**


**4** **کھولنے کیلئے ٹیوب کے ڈھکن کو گھمائیں۔**



**5** **ڈنڈے کو مختلف حصوں میں حرکت دے کر فضلے کے نمونے کو اکھٹا کریں۔**



**6** **ڈنڈے کے سرے کا کھانچہ فضلہ سے ڈھانپا ہوا ہونا چاہیے۔**




**7** **ٹیوب کو محفوظ طریقے سے بند کریں اور اسے مضبوطی سے ہلا ئیں۔**



**8** چیک کریں کہ آپ نے مکمل شدہ لیبل کو ٹیوب پر چسپاں کر لیا ہے۔ **پھر ٹیوب کو حفاظتی تھلیے میں ڈال دیں۔**



**9** **ٹیسٹ پر مشتمل تھیلے کو شناختی فارم کے ساتھ، فری پوسٹ لفافے میں ڈالیں۔** لفافے کو بند کریں۔



**10** **ٹیسٹ مکمل ہونے کے ۲٤ گھنٹوں کے اندر لفافے کو بھیجنا ضروری ہے۔ بند لفافے کو بھیجے جانے تک فریج میں رکھیں۔**




آپ کوآپ کے نتائج ڈاک کے ذریعے ۱۵ دنوں میں موصول ہوں گے۔

آن لائن نتائج کے لیے، براہ کرم درج ذیل ویب سائٹ پر رجسٹر کریں: **www.resultat-depistage.fr**

## مزید معلومات درکار ہیں؟

- اپنے ڈاکٹر سے پوچھیں۔
- آن لائن jefaismondepistage.fr
- پیر- جمعہ، صبح ۹:۰۰ بجے سے شام ۷:۰۰ بجے اوربروز ہفتہ صبح ۹:۰۰ - دوپہر ۲:۰۰ بجے ۰ ۸۰۵ ۱۲۳ ۱۲٤ پر کال کریں۔ (مقامی کال کی لاگت پر)۔
- اپنے مقامی اسکریننگ سینٹر سے رابطہ کریں۔

## اکثر پوچھے گئے سوالات:

- **ٹیسٹ کو کتنی مدت تک استعمال کیا جاسکتا ہے؟**
  ٹیوب کے اوپر مدت ختم ہونے کی تاریخ درج ہے۔
- **اگر میرا ٹیوب کھو گیا یا ٹوٹ گیا ہے تو کیا ہوگا؟**
  اپنے ڈاکٹر سے ایک نئی مفت ٹیسٹ طلب کریں۔
- **ٹیسٹ صحیح طریقے سے نہیں ہوا۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**
  اپنے ڈاکٹرسے رابطہ کریں؛ وہ آپ کو مشورہ دیں گے اور آپ کو ایک نئی ٹیسٹ فراہم کریں گے۔